© rasailojaraid.com

جناب ڈاکٹر پروفیسر حمید اللہ صاحب ۔ فرانس

# استدراک

## تصحیح اغلاط

اکتوبر کے شمارہ میں "اسلامی مملکت" کا دستوری تصور اور اسلامی دستور کے عنوان سے شہرہ آفاق اسلامی سکالر و محقق علامہ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب فرانس کا مقالہ شائع کیا گیا تھا۔ یہ مقالہ آپ نے اسلام آباد کی نفاذ شریعت کانفرنس میں پڑھا تھا۔ مسودہ ٹائپسٹوں نے غلط سلط ٹائپ کیا تھا۔ ہماری کوشش کے باوجود حسب ذیل اغلاط رہ گئیں۔ ہم جناب فاضل مقالہ نگار کے ممنون ہیں کہ انہوں نے اغلاط نامہ ارسال فرمایا۔ (ادارہ)

---

مخدوم محترم!

سلام مسنون و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔ آپ اپنے مؤقر رسالہ سے مجھے نوازتے ہیں۔ ذی قعدہ ۱۳۹۹ھ کا شمارہ ابھی ابھی پہنچا۔ ممنون ہوا۔ اس میں میرا ایک مقالہ بھی شامل کر کے میری عزت افزائی فرمائی گئی ہے۔ اس سلسلے میں دو امور پر ادب سے توجہ دلاؤں گا۔

۱۔ مدیر کے نوٹ میں شروع میں لکھا گیا ہے کہ "اس مضمون کے بعض مقامات پر اظہار خیال کی گنجائش ہے" اگر اس کی تفصیل فرمائی جاتی۔ یا فرمائی جا سکے۔ تو میرے لئے استفادے کا باعث ہو۔

۲۔ طباعت کی غلطیاں بکثرت رہ گئی ہیں۔ اہم مقامات کی نشاندہی کرتا ہوں۔ مناسب ہو تو آئندہ کسی نمبر میں چھاپ دیجئے کہ علم کی خدمت ہوگی۔

| صفحہ | سطر | مطبوع | صحیح |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۳ | بھیج دیا اس پر | بھیج دیا۔ پھر تو یہ قبول ہوئی۔ اس پر |
| ۹ | ۸ | ہبوط کے معنے جاننے کے ہیں۔ | ہبوط کے معنے جانے کے ہیں۔ |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| صفحہ | سطر | مطبوع | صحیح |
|---|---|---|---|
| ۹ | ۲۰ | بکار خود خود | بکار خود۔ |
| ۱۰ | ۱۴ | معجزہ تھا اور ایک معجزہ تھا۔ | معجزہ تھا۔ |
| ۱۱ | ۴ | عدل فرماتے ہیں۔ | عمل فرماتے ہیں |
| ۱۱ | ۲۵ | یہودیوں | یہودیوں سب نے |
| ۱۲ | ۱ | تیس قبیلے | تین قبیلے |
| ۱۲ | ۷ | بین نامی مقام | یبین نامی مقام |
| ۱۲ | ۱۹ | سن ہجری میں | سنہ ۱ھ میں |
| ۱۳ | ۵ | عاقل | معاقل |
| ۱۳ | ۲۰ | تشریح | تشریع |
| ۱۳ | ۲۴ | قریتہ | قریۃ |
| ۱۴ | ۱۲ | عین مدت | معین مدت |
| ۱۶ | ۳ | تحکم ---- برائی | (بم تحکم؟ بکتاب اللہ۔ فان لم تجد؟ فبسنۃ رسول اللہ فان لم تجد؟ اجتھد برأیی ولا آلو۔) |
| ۱۷ | ۱۰ | کنفنیکٹ | کنفلکٹ |
| ۱۸ | ۱۲ | بندرگاہ تک جا پہنچ سکیں | بندرگاہ جار تک پہنچ سکیں |
| ۱۸ | ۱۴ | اسلامی کا | اسلامی معاونت کا۔ |
| ۱۹ | ۲ | اگر یہ لوگ | اکثر یہ لوگ |
| ۱۹ | ۱۳ | استدلال بحث طلب ہو جاتی ہے | استدلال بحث طلب ہو جاتا ہے۔ |

نیازمند۔ محمد حمید اللہ
۲۸ محرم الحرام سنہ ۱۳۹۰ھ

© rasailojaraid.com



© rasailojaraid.com